# The Baptist Tabernacle of Los Angeles

1329 South Hope Street, L.A. Civic Center

Mailing Address:
P. O. Box 15308
Los Angeles, CA 90015
Phone: (213) 744-9999
E-mail: rlhymersjr@sbcglobal.net
www.sermonsfortheworld.com
www.baptisttabernacle.com

Dr. R. L. Hymers, Jr.
Senior Pastor

Dr. Christopher L. Cagan
Associate Pastor

Dr. Kreighton L. Chan
Assistant Pastor




دسمبر، 2016

پیارے دوست:

اِس سال ہمارے گرجہ گھرمیں اہم واقعہ وہ حیاتِ نو تھا جو خُدا نے ہم پر پرانے زمانے کی طرز پر نازل کیا۔ میرا خاندان اور میں میکسیکو کے شہر کینکُن Cancun میں چُھٹیوں پر تھے۔ میں نے اِن دِنوں میں سے ایک دِن سورج میں اور ہوٹل کے کمرے میں سکاٹ لینڈ کے شمالی ساحل سے پرے لوئیس کے جزیروں پر حیاتِ نو کے بارے میں، جو 1949 اور 1953 کے درمیان رونما ہوا، ایک کتاب کو پڑھتے ہوئے گزارا۔ خود میری اپنی جان کو نئی زندگی مل گئی تھی جب میں اِس کو پڑھ رہا تھا۔ میں نے شدت کے ساتھ خُدا سے ہمارے گرجا گھر میں حیاتِ نو بھیجنے کے لیے دعا مانگنی شروع کر دی۔ جب ہم واپس پہنچے تو میں نے تین دِنوں تک منادی کی اور اُمید کی بھرپوری کے ساتھ بے شمار نوجوان لوگوں نے نجات پائی۔ لیکن بڑا حیاتِ نو اچانک ہی آیا، اُن گرمیوں میں بعد میں۔ یہ 27 اگست کو، جمعرات کی شام کو ہوا تھا۔ میں نے اپنے نوجوان لوگوں کو اشعیا64:1-3 کو حفظ کرنے کے لیے کہا تھا، ''کاش کہ تو آسمان کو چاک کر دے اور نیچے اُتر آئے ...'' (اشعیا64:1)۔ تین نوجوان لوگوں نے اُن الفاظ کو ایک ایک کر کے پڑھا۔ اچانک ایک نوجوان شخص اپنے پیروں پر اُچھلا اور چلایا، ''میں کھو چکا ہوں!'' وہ روتے اور ہچکیاں لیتے ہوئے اپنے گھٹنوں کے بل ہو گیا۔ یہ بالکل غیر واجبی سا لگ رہا تھا کیونکہ اُس رات کچھ بھی جذباتی نہیں ہو رہا تھا، یہاں تک کہ گیت بھی نہیں۔ جنوری اور اگست کے اُن چند ایک اِجلاسوں میں خُدا نازل ہوا اور 22 نوجوان لوگوں نے نجات پائی اور 14 مذید اور لوگوں نے نئی زندگی پائی اور روح سے معمور ہوئے۔ میں نے دوسرے شہروں میں تین قوت سے بھرپور حیاتِ نو کو اپنی آنکھوں سے دیکھا، جو کافی قوت سے بھرپور، غیر معمولی اور آج کل کہیں پربھی جن جن جگہوں کو میں جانتا ہوں نہیں دیکھے جا سکتے۔ لیکن یہ حیاتِ نو ہمارے گرجا گھر میں اِن 42 سالوں میں وہ پہلا تھا جو خُدا نے بھیجا تھا۔ ہم نے اُن تمام سالوں کے دوران خُدا کے روح کے نزول کے لیے دعائیں مانگی تھیں اور تب اُس نے ہماری دعاؤں کا جواب دیا۔ مگر اُن چند ایک راتوں میں کم از کم 36 لوگ سزایابی میں آئے اور اُن میں سے 22 نے نجات پائی – اور 14 دوسرے لوگوں نے نئی زندگی پائی اور اخلاقی طور پر گِری ہوئی حالت سے بحال ہوئے۔ یہ اُس وقت رونما ہوا تھا جب میں نے بار بار اشعیا 64:1-3 پر منادی کی تھی اور ہر رات لوگوں نے بار بار حیاتِ نو پر مرکزی موضوع کا گیت گایا 'میرے سارے تخّیل کو پورا کر، نجات دہندہ، میں دعا مانگتا ہوں، آج مجھے صرف یسوع کو دیکھ لینے دے؛ حالانکہ وادی میں سے تو میری رہنمائی کرتا ہے، تیرا کھبی نہ مدھم ہونے والا جلال میرا احاطہ کرتا ہے۔ میرے سارے تخّیل کو پورا کر، الٰہی نجات دہندہ، جب تک تیرے جلال سے میری روح جگمگا نہ جائے۔ میرے سارے تخّیل کو پورا کر، کہ سب دیکھ پائیں تیرا پاک عکس مجھے میں منعکس ہوتا ہے'' ('میرے سارے تخّیل کو پورا کر Fill All My Vision' شاعر ایوس برجیسن کرسچنسن Avis Burgeson Christiansen، 1895-1985)۔ حیاتِ نو میں چند ایک مرتبہ ابلیس ایک دھاڑتے ہوئے شیر کی مانند آیا لیکن ہر مرتبہ ہم نے لوگوں کو مسیح کی جانب کھینچنے کے لیے دعا مانگی اور وہ پسپا ہو گیا اور خدا کا روح واپس آ گیا۔ اُن چند ایک دِنوں کے لیے ہم نے جیتی جاگتی مسیحیت کا تجربہ کیا اور وہ جو موجود تھے جب تک وہ زندہ رہیں گے اِسے کبھی بھی نہیں بھول پائیں گے۔ اِس تمام کے دوران میں اِن دو نوجوان لوگوں نے منادی کرنے کے لیے خود کو حوالے کر دیا۔ اُن میں سے ایک ہمارے چینی ترجمان کے بیٹے، نوح سُونگ Noah Song ہیں۔ دوسرے ڈاکٹر کیگن Dr. Cagan کے 23 سالہ بیٹے جان سیموئیل کیگن John Samuel Cagan ہیں، جنہوں نے ابھی حال ہی میں مجرمانہ انصاف میں لاس اینجلز کی کیلیفورنیا سٹیٹ سے بیچلر ڈگری میں گریجوایشن کیا ہے۔ وہ دونوں ہی انتہائی اعلیٰ درجہ کے مبلغ ہیں۔ جب جان نے اپنے پہلے واعظ کی منادی کی تو یوں لگتا تھا جیسے وہ بیس سالوں سے بھی زیادہ عرصے سے منادی کر چکے تھے، اور نوح تو یہاں تک کہ مرکزی موضوع پر گیت بھی منتخب کر سکتے ہیں، شدت کے ساتھ منادی کرتے رہیں، گیت گائیں اور ڈاکٹر جان سُونگ John Sung اور ڈاکٹر جان آر۔ رائس Dr. John R. Rice کے انداز میں واپس منادی کے لیے جائیں۔ ناقابلِ یقین! اِن نوجوان لوگوں کے لیے خُدا کا شکر ہو! جان جنوری سے بائیولا یونیورسٹی کے ٹالبوٹ سکول آف تھیالوجی میں پڑھائی شروع کرنے کے لیے چلے جائیں گے۔ حالانکہ وہ صرف تین یا چار ماہ کے لیے منادی کرتے رہے ہیں، اُنہیں انجیلی بشارت کے پرچار کی تعلیم کی منادی کے لیے شمالی ہندوستان، ڈومینیکن ریپبلک اور جنوبی ہندوستان میں مدعو کیا جا چکا ہے۔ میں یقین کرتا ہوں کہ وہ عالمگیری سطح پر اکیسویں صدی کے انجیلی بشارت کے پرچار کی تعلیم دینے والے مبلغین میں سے ایک کی حیثیت سے اُبھریں گے۔ اگر آپ جان یا نوح کے واعظوں میں سے کسی ایک کو پڑھنا چاہتے ہوں تو ہماری ویب سائٹ www.sermonsfortheworld.com پر جائیں۔ سیاہ صفحے کے وسط میں ایک بٹن ہے جس پر لکھا ہوا ہے، ''انگریزی میں واعظ Sermons in English۔'' وہاں پر کلک کریں اور آپ اپنی زبان کے لیے وہاں پر صفحہ دیکھیں گے۔ اگر اُس صفحے پر آپ کی زبان کے لیے بٹن ہوں، تو اُن بٹنز پر ڈاکٹر ہائیمرز کے لیے یا جان سیموئیل کیگن کے لیے یا نوح سونگ کے لیے یا دوسرے مبلغین کے لیے جنہوں نے ہمارے گرجا گھر میں منادی کی کلک کریں۔ اگر آپ کی زبان میں اُس صفحے پر کوئی بٹن نہ ہوں، تو فہرست کو نیچے کے جانب لے جائیں تو آپ کو بے شمار واعظ ملیں گے جو آپ کے لیے مددگار و معاون اور برکت کا باعث ہوں۔

اِس سال دوسرا سب سے بڑا واقعہ جو رونما ہوا وہ ہماری پہلی پوتی، حنّہ کِم ہائیمرز Hannah Kim Hymers کی پیدائش تھی۔ وہ ہمارے بیٹے رابرٹ لیزلی ہائیمرز سوئم Robert Leslie Hymers III اور اُن کے پیاری بیوی جِن Jin کے ہاں 30 مارچ کو پیدا ہوئی۔ حنّہ ایک خوبصورت بچی ہے اور خود کو سنبھالنے کے قابل ہے اور تقریباً پالنے میں چلنا شروع کر چکی ہے۔

جیسا کہ میں نے کہا، میری بیوی عیلیانہ Ileana اور میں نے اُن کی والدہ لِنڈا Linda کے ساتھ جِنJin، لیزلیLeslie اور ویزلی کو جنوری میں ساحل پر کھیلنے کے لیے نیچے کینکن لے جانے کے لیے اپنے ساتھ لیا۔ ہم نے بہت پیارا وقت گزارا حالانکہ میں کینسر کے لیے کیے جانے والے علاج کی وجہ سے اتنا زیادہ اچھا محسوس نہیں کر رہا تھا۔ ویسے بتاتا چلوں، لگتا ہے کینسر قابو میں آ چکا ہے اور یہاں تک کہ شاید ختم ہو چکا ہے۔ صرف وقت ہی بتائے گا، مگر میں نے 22 پونڈ وزن کم کر لیا ہے، جو مدد دیتا ہے۔

اِس سال جو باتیں رونما ہوئیں اُن کی ''چیدہ چیدہ فہرست'' پر ایک نظر ڈالیں۔ روز چینالٹ کوئن Rose Chenault-Quinn 97 برس کی عمر میں 13 فروری کو وفات پا گئیں۔ ڈیوڈ رالسٹن David Ralston، رولینڈ رسمیوسین Roland Rasmussen اور ڈینی تھامسDanny Thomas نے منادی کی اور 12 اپریل کو میری 75 ویں سالگرہ پر اور ایسٹر کے دِنوں میں موسیقی کا بندوبست کیا۔ اُس کے بعد ہی مسز ہائیمرز کی سالگرہ آ گئی اور اُن کے ابو رافاعیل کیولر Rafael Cuellar، جو 85 برس کی عمر کے ہیں، ہوائی سفر کر کے آئے اور ہمارے ساتھ کچھ دِن گزارے۔

پھر دوسری بڑی بات رونما ہوئی۔ خُدا نے مجھے دکھایا کہ اب ہمارے گرجا گھر میں کچھ بڑی بڑی تبدیلیاں کرنے کا وقت آ گیا تھا۔ ہم نے تین نوجوان مناد اُمیدوار، نوح سُونگNoah Song، جیک نعان Jack Ngann اور ہارون ینسی Aaron Yancy کا اضافہ کیا۔ جان کیگن نے اپنے پہلے واعظ کی منادی 10 جولائی کو کی اور نوح سُونگ نے 17 جولائی کو منادی کی۔ دونوں نوجوان شاندار طریقے سے گفتگو کرنے والے لوگ ہیں – ناقابلِ یقین! 31 جولائی کو ٹموتھی چعین Timothy Chan اور لارا ایسکوبارLara Escobar کی شادی ہوئی۔ 21 اگست کو پیٹر اسٹیفن نعان Peter Stephen Ngann کی پیدائش ہوئی۔

حیاتِ نو کا دوسرا حصہ 27 اگست، بروز جمعرات کو شروع ہوا۔ ہم نے اِن دعائیہ اِجلاسوں میں پایا کہ جب ہم احتیاط کے ساتھ دعا مانگتے ہیں اور دعا کی ایک روح قائم کرتے ہیں تو خُدا عبادتوں میں موجود ہوتا ہے، مگر متبادل دِنوں میں جب ہم دعا پر توجہ مرکوز نہیں کرتے تو خُدا مکمل طور پر غیرحاضر ہوتا ہے اور کچھ بھی رونما نہیں ہوتا۔ یوں یہ ہمارے لیے ایک سیکھنے والا تجربہ بنا، حالانکہ میں تین بڑے بڑے حیاتِ نو کا قریبی چشم دید گواہ رہا چکا تھا، جن میں سے ایک وہ تھا جس میں تقریبا چار ہزار لوگ اُس چینی گرجا گھر میں شامل ہوئے تھے جس کا میں ایک رُکن تھا۔

مزدوروں کے دِنLabor Day والے اِختتام ہفتہ پر ہماری بائبل کی کانفرنس کے لیے ہمارے ساتھ لوئیسیانہ بپٹسٹ یونیورسٹی Louisiana Baptist University کے صدر، ڈاکٹر نیل ویور Dr. Neal Weaver ہمارے ساتھ تھے۔ 19 نومبر کو ویزلی ہائیمرزWesley Hymers، کرسٹین گیویعنChristine Nguyen، ایڈلا مینجیوارAdela Menjivar، سیٹسُوکو ذبالاگاSetsuko Zabalaga اور ورجِل نیکلVirgel Nickell کو بپتسمہ دیا گیا۔ بالکل اُسی عبادت میں جان سیموئیل کیگن کو ہمارے گرجا گھر کی جانب سے بائبل کی منادی کرنے کے لیے لائسنس جاری کیا گیا تھا۔ اگلے روز ہم نے شکرگزاری کی ضیافت منائی جس میں رون کلارک Ron Clark نے وائلن بجایا اور جیوآف میرل Geoff Merrill نے پیانو بجایا۔ ہم نے کتنا شاندار وقت گزارا! 18 دسمبر کو کرسمس کی ضیافت کے موقعے پر دیہی اور مغربی گاسپل سنگیت کے لیے ڈیو شُک Dave Shook بالاآخر واپس آنے والے ہیں۔

خُدا نے ہمارے لیے 34 ویں زبان، نیپالی کا اضافہ کرنے کے لیے دروازہ کھول دیا ہے۔ نیپال کے لوگ اب ہر ہفتے میرے واعظوں کو پڑھ سکتے ہیں۔ نیپال ایک انتہائی حاجت مند جگہ ہے، جہاں گذشتہ سال ہی دو زلزلے آ چکے ہیں، واعظوں کے مسوّدوں کی ہماری فہرست میں ہمالیہ کے پہاڑوں کی گہرائی میں اِس چھوٹے سے مُلک کی زبان کا اضافہ کرنے سے ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے۔ تقریباً ہر واعظ کا جس کی میں منادی کرتا ہوں اب مسوّدوں کی شکل میں 34 زبانوں میں ترجمہ کیا جاتا ہے۔ تمام کے تمام واعظوں کو ٹیلی ویژن کے معیار کے کیمروں والے سازوسامان کے ساتھ ریکارڈ کیا جاتا ہے اور تین زبانوں، مینڈیرین چینی Mandarin Chinese، ہسپانوی اور انگریزی میں ہماری ویب سائٹ پر اور یو ٹیوب پر ساری دُنیا میں نشر کیا جاتا ہے۔


مجھے اِس بات کا اِقرار کرنا پسند نہیں ہے لیکن میں بوڑھا ہو رہا ہوں۔ میں اب اُتنا بیس بال نہیں کھیل پاتا جتنا میں کھیلا کرتا تھا، جو کہ بالکل بھی نہیں تھا، لہٰذا میں نے اتنا کچھ نہیں کھویا! یہ وہ بات ہے جس کی محرومی مجھے سب سے زیادہ ہوتی ہے!!! میرے بیوی نے گرجا گھر میں تقریباً ہر اُس شخص کو جس کے پاس شکرگزاری کی ضیافت کے لیے جانے کو کہیں جگہ نہیں تھی مدعو کیا تھا۔ ہم ہمیشہ اِن واقعات میں اچھا وقت گزارتے ہیں۔

یہ ہماری اُمید ہے کہ اِس خوبصورت کرسمس کے موسم کے دوران آپ کی زندگی میں اور آپ کے گھر میں مسیح عیاں ہو۔ خُداوند آپ تمام کو برکت دے!



ڈاکٹر ہائیمرز اور عیلیانہ اپنی پوتی حنّہ کے ساتھ جو تقریبا چار گھنٹے کی عمر میں ہے۔

یسوع کے نام میں آپ کا اپنا،



آر۔ ایل۔ ہائیمرز، جونیئر،
D. Min, Th.D., Litt.D.
فلپیوں13:4

تمام مبلغین کبھی کبھار میرا ایک آدھا واعظ پڑھ لیا کریں۔ میرے واعظوں کی جانچ کریں اور دیکھیں آیا اپ کو اُن میں سے کسی ایک سے کوئی مدد مل سکتی ہے۔ اِسی لیے تو یہ یہاں پر ہیں۔ تقریباً ***120,000*** مبلغین ***216*** ممالک میں میرے واعظوں کو پڑھتے ہیں اور اِس سال اُن سے مدد پا چکے ہیں۔
***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM*** پر جائیں۔




ڈاکٹر ہائیمرز جان کیگن کے ساتھ جب اُنہیں انجیل کی مذہبی خدمات سرانجام دینے کے لیے لائسنس دیا گیا تھا۔



ڈاکٹر ہائیمرز جان سیموئیل کیگن (بائیں) کے ساتھ اور نوح سُونگ (دائیں) کے ساتھ دونوں ہی نے انجیل کی منادی کے لیے خود کو وقف کیا اور علم الٰہیات پڑھیں گے۔



ڈاکٹر ہائیمرز مسٹر ورجِل نیکل کو بپتسمہ دیتے ہوئے۔



ڈاکٹر ہائیمرز ایڈلا مینجیور کو 87 برس کی عمر میں بپتسمہ دیتے ہوئے۔



رفائیل کیولر (بائیں)، لیزلی ہائیمرز، جِن ہائیمرز، ڈاکٹر ہائیمرز، مسز ہائیمرز شِیرخوار لاڈلی حنّہ کے ساتھ، مسٹر اور مسز جانی کِم۔



ڈاکٹر اور مسز ہائیمرز کی 34 ویں شادی کی سالگرہ۔

ہمارے گرجا گھر کی ویب سائٹ ***WWW.BAPTISTTABERNACLE.COM.*** پر نظر ڈالیں۔
ہمارے واعظوں کی ویب سائٹ سینکڑوں لفظ بہ لفظ مسوّدوں کی پیشکش چونتیس زبانوں میں
***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM*** پر کرتی ہے۔



مسز روز چینالٹ کوئن کے ساتھ ڈاکٹر ہائیمرز۔



مسٹر اور مسز جیمس رُوپ۔ وہ گرجا گھر میں آرگن بجاتی ہیں۔



اپنے بیٹے ٹموتھی اور لارا ایسکوبار کی شادی کراتے ہوئے ڈاکٹر چعین۔



نئے سال کی شام کے موقع پر محترم مارک بکلے کے ساتھ ڈاکٹر اور مسز ہائیمرز۔



(بائیں جانب سے) ڈاکٹر ہائیمرز شِیرخوار حنّہ، مسز ہائیمرز، لیزلی اور جِن ہائیمرز کے ساتھ۔



مسز ہائیمرز کی والدہ لِنڈا، لیزلی اور ویزلی اور جِن ہائیمرز کے ساتھ ڈاکٹر اور مسز ہائیمرز۔

ہمارے گرجا گھر کی ویب سائٹ ***WWW.BAPTISTTABERNACLE.COM.*** پر نظر ڈلیں۔
ہمارے واعظوں کی ویب سائٹ سینکڑوں لفظ بہ لفظ مسوّدوں کی پیشکش چونتیس زبانوں میں ***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM*** پر کرتی ہے۔